# منقبت

میری ماں نے مانی کہانی علیؑ کی
کہ بیٹا کرے مدح خوانی علیؑ کی

سمندر کی لہروں کو دیکھا ہے تم نے؟
ثناء کر رہا ہے یہ پانی علیؑ کی

فقط اِک اشارے پہ پلٹا تھا واپس
یہ سورج ہے روشن نشانی علیؑ کی

یا کام آیا دیں کے خدیجہؑ کا پیسہ
یا کام آ رہی ہے جوانی علیؑ کی

کرم صرف ہم پہ نہیں ہے علیؑ کا
ہے نبیوںؑ پہ بھی مہربانی علیؑ کی

دنوں میں مشقت، شبوں میں عبادت
بسر یوں ہوئی زندگانی علیؑ کی

خدا کا یہ اِک معجزہ ہے یقیناً
دلوں پہ جو ہے حُکمرانی علیؑ کی

خدا نے دیا بوترابی کا منسب
صِفَت یہ بھی ہے آسمانی علیؑ کی

پیمبرؐ سے معراج کی منزلوں پہ
ملاقات تھی وہ بھی یعنی علیؑ کی

یہ خطبے پہ زینبؑ کے کہتے تھے شامی
ہے لہجے میں بالکل روانی علیؑ کی

میرے جیسے بچوں کو اے پیاری ماؤں
سنایا کرو بس کہانی علیؑ کی

مجھے رات دن میری ماں نے سنائی
ہے لوری میں مشکل کشائی علیؑ کی